پریس ریلیز

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا مظفر گڑھ میں تیزاب گردی کے واقعہ کا نوٹس۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے مظفر گڑھ میں تیزاب گردی کے واقعہ کا نوٹس لیا تھا جس کی ابتدائی سماعت پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کو مقدمہ میں دہشتگردی ایکٹ کے شیڈول اور انٹی ریپ ایکٹ 2021 کے شیڈول کے تحت تفتیش متعلقہ ایس ایس او آئی یونٹ جس کی سربراہی گزیڈ پولیس آفیسر کرے معاملہ ریفر کر دیا تھا۔

آج مورخہ 24 ستمبر 2024 کو پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے مقدمہ کی تفتیش میں پیش رفت کا جائزہ لینے کے دوبارہ ریکارڈ طلب کیا۔ تفتیشی ٹیم ڈی ایس پی صدر مظفر گڑھ کی سربراہی میں ریکارڈ سمیت پیش ہوئی۔

ڈی ایس پی صدر مظفر گڑھ نے تفتیش میں پیش رفت پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کو بریفینگ دیتے ہوئے بتایا کہ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کی طرف سے جاری کردہ گائیڈ لائنز کی روشنی میں مقدمہ کی تفتیش کے لئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مظفر گڑھ نے جے آئی ٹی تشکیل دے دی ہے جس میں ڈی ایس پی صدر مظفر گڑھ، انسپکٹر محمد اشفاق اور ایس ایس آئی او یو کی انچارج خاتون سب انسپکٹر شامل ہیں۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر کے اس اقدام کو خوب سراہا اور تفتیشی ٹیم کو گائیڈ لائنز جاری کرتے ہوئے 174 اے ضابطہ فوجداری کے تحت کارروائی کرتے ہوئے متاثرین کا بیان ریکارڈ کروانے کا حکم دیا۔

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب نے ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر مظفر گڑھ کو بھی مراسلہ جاری کیا جس میں کہا گیا ہے کہ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب آفس کی طرف سے جاری کردہ گائیڈ لائنز پر عملدرآمد کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور اس مقدمہ میں تفتیشی افسر کو مکمل قانونی معاونت فراہم کی جائے۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا کہنا تھا کہ وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کے وژن کے مطابق خواتین کے حقوق کا تحفظ ہماری اولین ترجیح اور قانونی ذمہ داری ہے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ کا مزید کہنا تھا کہ وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ قانون کی حکمرانی پر مکمل یقین رکھتی ہیں اور ان کا حکم ہے کہ پنجاب کے تمام شہریوں کو قانون کے مطابق انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا جائے گا۔

از دفتر:

پراسیکیوٹر جنرل پنجاب

(انچارج میڈیا سیل)